# 27-04-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔وزیراعظم نریندر مودی نے خبردار کیا ہے کہ پہلگام دہشت گرد حملہ کے ذمہ داروں کو اپنی حرکت کی بھاری قیمت چکانی پڑے گی۔

۲۔روڈ ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری پانچ مئی کو تلنگانہ میں 285 کلومیٹر پر محیط نیشنل ہائی وے پراجکٹس کا افتتاح کریں گے۔

۳۔ بی آر ایس آج اپنی سلور جوبلی منارہی ہے۔ پارٹی کے صدر چندر شیکھر راو؟ آج شام ہنمکنڈہ ضلع کے اِلکا ترتی میں ایک جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔

۴۔تلنگانہ کے کئی حصوں اگلے 36 گھنٹوں کے دوران ہلکی سے اوسط بارش ہوگی۔

MKB

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ پہلگام میں دہشت گرد حملہ دہشت گردوں کے سرپرستوں کی بوکھلاہٹ کو ظاہر کرتا ہے۔انہوں نے مرنے والوں کے خاندانوں کو یقین دلایا کہ انصاف کیا جائے گا اور اس حملہ کے مجرموں اور سازشیوں کو سخت سے سخت سزا کا سامنا کرنا پڑے گا۔ 121 ویں من کی بات پروگرام سے خطاب خطاب کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں ملک کا اتحاد اور 140 کروڑ ہندوستانیوں کا ساتھ ہماری سب سے بڑی طاقت ہے۔

BYTE

وزیراعظم نے کہا کہ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھاریٹی نے سیلاب، طوفان، چٹان کھسکنے، سونامی، جنگل کی آگ، برفباری اور بجلی گرنے جیسے سانحوں کے بارے میں جلد وارننگ دینے کیلئے Sachet APP شروع کیا ہے۔ اس ایپ کے ذریعہ استعمال کاروں کو محکمہ موسمیات کی طرف سے تازہ ترین جانکاری حاصل ہوسکتی ہے۔

BYTE

نریندر مودی نے کہا کہ آج ہندوستان خلا کے شعبہ میں عالمی طاقت کی حیثیت سے ابھرا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ

فخر کی بات ہے کہ آج دنیا کے کئی ملک اپنے سٹلائٹ اور خلا مشنس کیلئے اسرو کی مدد مانگ رہے ہیں۔

BYTE

وزیر اعظم نے کہا کہ پانچ جون کو ماحولیات کا عالمی دن ہے اور اس موقع پر ایک پیڑ ماں کے نام مہم کا ایک سال پورا ہوجائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ اس مہم کے تحت ملک بھر میں ایک سال کے اندر ماوں کے نام پر 140 کروڑ پودے لگائے گئے ہیں۔ انہوں نے یہ بات نوٹ کی کہ ملک سے باہر رہنے والے لوگ بھی اس مہم پر مثبت جواب دے رہے ہیں۔

BYTE

CREMATION

ممتاز خلائی سائنسدان اور اسرو کے سابق صدر نشین ڈاکٹر کرشنا سوامی کستوری رنگن کی آج بنگلورو میں مکمل سرکاری اعزازات کے ساتھ آخری رسومات ادا کی گئی جو قومی تعلیمی پالیسی کے معمار ہیں۔ 84 سالہ ڈاکٹر کستوری رنگن کا جمعہ کو بنگلورو میں انتقال ہوا۔

OTT

سپریم کورٹ کل ایک درخواست کو سنوائی کرے گی جس میں مرکز کو یہ ہدایت دینے کی خواہش کی گئی ہے کہ وہ او ٹی ٹی اور سوشیل میڈیا پلیٹ فارمس پر فحش مواد کی پیش کشی کو روکنے کیلئے مناسب قدم اٹھائے۔ یہ بھی خواہش کی گئی کہ ان پلیٹ فارمس پر فحش مواد کو روکنے کیلئے ایک قومی کنٹنٹ کنٹرول اتھارٹی بناتے ہوئے رہنما ہدایات تیار کی جائے۔

GADKARI

مرکزی وزیر روڈ ٹرانسپورٹ وہائی ویز نتن گڈکری پانچ مئی کو تلنگانہ میں 285 کلومیٹر پر پھیلے ہوئے نیشنل ہائی وے پراجکٹ کا افتتاح کریں گے۔ 6 ہزار 280 کروڑ کی لاگت سے تعمیر کئے جانے والے ان انفرااسٹرکچر پراجکٹ کا مقصد علاقائی ربط ضبط کو بہتر بنانا اور ریاستوں کے درمیان سفر میں رکاوٹوں کو کم کرنا ہے۔ اس موقع پر عنبر پیٹ برج اور چھ لین کی سڑک سمیت حیدرآباد کے کئی پراجکٹس کا افتتاح بھی شامل ہے۔ اس کے علاوہ مستقبل کے کئی پراجکٹس کیلئے سنگ بنیاد رکھا جائے گا۔ 961 کروڑ روپے کے خرچ سے 51 کلومیٹر پر پھیلے ہوئے دو قومی

شراہراہ پراجکٹ کیلئے بھی سنگ بنیاد رکھا جائے گا۔ عادل آباد میں ایک ہزار 153 کلو میٹر سڑک کی تعمیر کیلئے تین ہزار 694 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ حیدرآباد میں 895.64 کروڑ کی نئی سڑکی بھی تعمیر کی جائیں گی جو 22.57 کلومیٹر تک پھیلی ہوئی ہوں گی۔

CAMPSSUMMER

حیدرآباد کی کئی مسجد کمیٹیاں طالب علموں کیلئے گرمائی کیمپس کا اہتمام کررہی ہیں۔ 25 سے 40 دنوں کے ان کیمپس میں قرآن، نمازاوراسلامی تعلیم پرتوجہ دی جائے گی۔ مولانا احسان کل سے 31 مئی تک باغ عامہ کی مسجد میں ایک کیمپ کا اہتمام کررہے ہیں۔ جہاں قرآن کی تجوید، وضواورنماز کی عملی تربیت، سوروں کو یاد دلانے، مسنون دعاو?ں اوراخلاقیات کی تعلیم دی جائے گی۔ عنبرپیٹ جامع مسجد میں ضیا ملت کی طرف سے بھی ایک گرمائی کیمپ کا اہتمام کیا جارہاہے۔ مغل پورہ کی مسجد صلاح الدین میں طالب علموں کے لئے اسلامی جماعتوں کا اہتمام کیا جارہاہے۔

MKB REACTIONS

عوام کے الگ الگ طبقوں نے من کی بات پروگرام میں وزیراعظم نریندرمودی کی طرف سے اٹھائے گئے مسائل پرخیر مقدم کیا۔

BYTE

ANNOUCEMENT

آ کاش وانی وزیراعظم نریندرمودی کے من کی بات خطاب کا تلگوترجمہ آج رات 8 بجے پیش کرے گی۔

BRS

بی آرایس کارکنوں نے آج پارٹی کی سلور جوبلی کے موقع پر ریاست بھرمیں پارٹی پرچم لہرائے۔ بی آرایس کے کارگزارصدر کے ٹی رامارا و? اورسینئر لیڈرس نے تلنگانہ بھون میں پارٹی پرچم لہرائے۔ بعد میں انہوں نے تلنگانہ کے نظریہ ساز پروفیسر جیاشنکر کوخراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے ٹینک بنڈ پرکنڈا لکشمن بابوجی اورگن پارک پر تلنگانہ کے شہیدوں کی یادگار پرخراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے یہ بات دہرائی کے تلنگانہ کی ترقی پارٹی کی ترجیح

ہے۔اس دوران بی آر ایس سلور جوبلی تقریبات کے سلسلہ میں آج شام ہنمکنڈہ ضلع کے ایلکا ترتی میں ایک بڑے جلسہ عام کا اہتمام کررہی ہے۔ پارٹی کے صدر اور سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راو؟ جلسہ عام سے خطاب کریں گے۔ پولیس نے بی آر ایس کے جلسہ عام کیلئے مناسب سیکورٹی انتظامات کئے ہیں۔

## WEATHER

تلنگانہ کے کئی حصوں میں اگلے 36 گھنٹوں کے دوران ہلکی سے اوسط بارش ہوگی۔محکمہ موسمیات نے 22 ضلعوں کیلئے آرینج الرٹ اور سات ضلعوں کیلئے ایلو الرٹ جاری کئے ہیں۔امکانی بارش کی وجہ سے اس مدد کے دوران حیدرآباد اور تلنگانہ کے دوسرے ضلعوں میں درجہ حرارت کم ہوسکتا ہے۔

## Crop Loss

یدادری بھونگیر ضلع کے منڈل چوٹ اپل، سمستھان نارائن پور اور پوچم پلی میں آج غیر موسمی بارش کی وجہ سے زرعی مارکٹس میں جمع دھان بھیک گئی۔رکن اسمبلی کومٹی ریڈی راج گوپال ریڈی نے چوٹ اپل مارکٹ یارڈ میں بارش سے متاثرہ دھان کا معائنہ کیا اور یقین دلایا کہ کسانوں سے انصاف کیا جائے گا۔

## Accident

وقارآباد ضلع کے نینم پلی میں دو کاروں کی ٹکر سے تین لوگ ہلاک ہوگئے۔مرنے والوں کا تعلق حیدرآباد سے ہے۔ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب یہ لوگ دتاتریہ کے درشن کے بعد کرناٹک کے گنگاپور سے واپس لوٹ رہے تھے۔ لاشوں کو کوڑنگل کے سرکاری ہاسپٹل میں منتقل کردیا گیا۔

☆☆☆